ن پبلشرز کا

शाहराह

شاہراہ

سالنامہ

۱۹۵۱

ن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

نغمہ گانے
گہرا داغ فلم کے

آج اُڑتا ہوا ایک پنچھی
زندگی کی بہاروں میں آیا
پھر نئی منزلیں ساتھ لے کر
مسکرائے نظروں میں آیا
آ گیا پھر سہانا سویرا
مٹ گیا شام غم کا اندھیرا
گنگنانے لگی ہیں فضائیں
پھر ہواؤں نے نغمہ بکھیرا
ساز پھر چھڑ گئے زندگی کے
رنگ پھر دل کے تاروں میں آیا
آج اُڑتا ہوا

آج دُنیا جواں ہو گئی ہے
زندگی مہرباں ہو گئی ہے
ایک بار تمہاری کہانی اب میری داستاں بن گئی ہے
مل گئی پھر مجھے میری منزل
میں اُسی یادگاروں میں آیا
آج اُڑتا ہوا

آج کی بیخودی کیا بتاؤں
نغمۂ زندگی کیا سناؤں
یہ بہاریں یہ غنچے یہ کلیاں
ان سے اپنی خوشی کیا چھپاؤں
جو میرا رازِ دل جانتے ہیں
ہیں اُنہی رازداروں میں آیا

گانا نمبر۲:۔ صبح کا بھولا شام کو گھر آجائے
او گھر آجائے
وہ بھولا نہ کہلائے سنو جی وہ بھولا نہ کہلائے
جیسے چندا دن میں کھوئے راتوں کو کھل جائے
اسی طرح کوئی میت بچھڑ کے ہم سے پھر مل جائے
اُسکو اکیلا چھوڑ نہ دیکھا چھوڑ نہ دیکھا
اُسکے سپنے توڑ نہ دینا توڑ نہ دینا
سچی ہے یہ بات کہ اپنی بھول پہ جو پچھتائے
وہ بھولا نہ کہلائے
آج کی جوت جگالو اپنے جیون کی باتی میں
بیتی گھڑیاں جنکے لیئے تم بھی مل گئے وہ ماٹی میں
کل کی باتیں ہوئی پرانی
چھیڑ دو کوئی نئی کہانی ۔۔۔ نئی کہانی
چھوٹ کے جو دکھ درد کی راہیں آگے قدم بڑھائے
وہ بھولا نہ کہلائے

گانا نمبر ۳۔ کیسے کہوں میں بات جیا کی سانوریا
پیار میں تیرے ہو گئی میں تو باوریا
آج نہیں دل بس میں بس گیا تو نس نس میں
ڈوب گئیں میری پیاسی انکھیاں
پریت کے میٹھے رس میں
چھلکن لاگی لاج شرم کی گاگریا
پیار میں تیرے ——
کیسے کہوں میں بات جیا کی سانوریا
نین بیچے دِل دھڑکے انگ انگ مرا پھڑکے
رنگ گیا وہ جادو بھر بھر
رہ گئی خود سے بچھڑ کے
چھم چھم بولے میری خوشی کی جھانجریا
پیار میں تیرے ——
تو نے جیا میں ڈاری ایک نئی چنگاری
دھڑکن کے کھیل میں ساجن تو جیتا میں ہاری
باجن لاگی پیار کی من میں بانسریا
پیار میں تیرے ——
ہے شیو شنکر ہے گنگا دھر سانوریا
پیار میں تیرے ——
ہے شیو شنکر ——

گانا نمبر ۳ - نین تیری ہوئی رے بالما
نین تیری ہوئی رے بالما
کیسا جادو کر گئے تیرے نینان بالما
نین تیری ہوئی —
دھانی رُت آہا سہانی رُت آہا
دلوانی رُت آہا اب نا چھوڑ رے
نشیلی رُت آہا رنگیلی رُت آہا
رسیلی رُت آہا اب نا چھوڑ رے
دیکھ رے بالم میرے پھولوں پہ جوانی چھائی
جس نے بہا بانیر البیلی وہ چھٹ رنگ لائی
جیا شرما کے تیرا کر کے سامنا
نین تیری ہوئی —
کیسا جادو کر گئے تیرے نیناں بالما نین تیری
دھانی رُت آہا سہانی رُت آہا دلوانی رُت
نشیلی رُت —
رسیلی رُت آہا اب نا چھوڑ رے
آج کا موسم من میں لبھا لے
یاد نہ کر دن بیتے
جیون کی ہے ریت یہی جو پیار کرے وہ جیتے
گر گر جاؤں سیّاں تجھ کو تھا منا
نین تیری —

کیسا جادو کر گئے —

سورج دن میں کرے اُجالا چندا رین سہائے
پیا تیرا دن رات بلموا من میں جوت جگائے
تو میرے میت ہو پی تیری میری پریت
پیا آج تیرا گیت میں نے گایا رے
میرا جیا رنگ دے اپنے رنگ میں

میں تیری —
کیسا جادو کر گئے —

گانا نمبر ۹: ظلم کے تیر چلے کچھ ایسے
لُٹ گیا دِل کا باغ
دُنیا نے وہ زخم دیا
جو بن گیا گہرا داغ
بھگوان! اِک قصور کی اِتنی بڑی سزا
دُنیا تیری یہی ہے تو دُنیا سے میں چلا
دُنیا کے ظالموں نے چلائی وہ آندھیاں
سارے چراغ بجھ گئے میں دیکھتا رہا
دُنیا تیری یہی ہے —
بھگوان اک قصور —
میں سمجھ رہا تھا میرے داغ دُھل گئے
ہوگا کچھ اور خونِ جگر یہ پتہ نہ تھا
دُنیا تیری یہی —

مجھ سا نہ بدنصیب ہو کوئی جہان میں
جو بھی ملا اسی نے گنہگار ہی کیا
دنیا تیری یہی ہے —

گانا نمبر ۶ تمہیں پا کے ہم نے جہاں پا لیا ہے
زمیں تو زمیں آسماں پا لیا ہے
مٹا نہ سکے گی جسے اب خزاں بھی
جلا نہ سکیں گی جسے اب بجلیاں بھی
محبت کا وہ آشیاں پا لیا ہے
تمہیں پا کے —
زمانے کے غم پیار میں ڈھل گئے ہیں
امیدوں کے لاکھوں دیئے جل گئے ہیں
کہ جب سے تمہیں مہرباں پا لیا ہے
تمہیں پا کے —
جہاں سے محبت کی راہیں ملی ہیں
وہیں سے مری گردشیں تھم گئی ہیں
نہ بچھڑیں گے ہم کارواں پا لیا ہے

تمہیں پا کے ہم نے —

ختم شد

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اُسکو کافی پریشانی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اُس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگالیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصولڈاک معاف

اردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگالیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے

قیمت صرف 1/8/- محصولڈاک معاف

زنانہ ہند بکڈپو بلرام دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)